Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ رجمادی الاول سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۸ رجنوری سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر (۲)

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر بابو لال صاحب گپتا بعہدہ اسسٹنٹ انجینیر۔	۱
۲	اضافہ بابو چراغ دین صاحب۔	۲
۳	رخصت صاحبزادہ صابر علی خاں صاحب۔	״
۴	تقرر مسٹر محمد حسین خاں صاحب بعہدہ ایگزیکٹیو انجینیر۔	״
۵	منتقلی احمد حسین خاں صاحب سب انسپکٹر۔	״
۶	اضافہ محمد ضیاء علی خاں محرر۔	״
۷	مزید رخصت کورٹ انسپکٹر صاحب۔	״
۸	نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲ رجنوری سنہ ۱۹۲۳ء

مثل عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و انہار حسب استدعا ایگزیکٹیو انجینیر صاحب مسٹر بابو لال صاحب گپتا کا تقرر بمشاہرہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ اور یکصد روپیہ ماہوار ہل الاؤنس ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء سے بجائے مسٹر ایچ ایس اسسٹنٹ انجینیر مستعفی کے منظور فرمایا گیا۔ لیکن ہل الاؤنس اس تاریخ سے دیا جائیگا جبکہ وہ مقام کنوار کہاں میں پہنچینگے

اضافہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر ۔ [illegible] ماہوار اضافہ بابو چراغ دین ملیشری اڈیٹر کا یکم دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور فرمایا گیا ۔ اور بجائے [illegible] ماہوار مستقل الاؤنس گھوڑے کے بارہ آنہ یومیہ الاؤنس سواری بحالت معائنہ حسابات جات ہائے جس کا بل ختم ماہ پر بنا کر مجرائی ہوا کرے گی ۔ مقرر ہوا ۔

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

ایک ماہ کی رخصت صاحبزادہ صابر علی خاں بہادر کی منظور فرمائی گئی ۔

تقرر

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب موضوعہ فہرست صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و انہار ۔ تقرر مسٹر محمد حسین خاں بی ۔ اے ۔ سی آئی ۔ کا بعہدہ ایکزیکٹیو انجینیر بمشاہرہ چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ اور پچاس روپیہ الاؤنس سواری یکم جنوری سنہ ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا ۔ اور خان بہادر سید جعفر حسین صاحب ایکزیکٹیو انجینیر بمشاہرہ و الاؤنس موجودہ بجائے سید طیب حمید خاں پرسنل اسسٹنٹ صاحب موصوف (جو بلا اطلاع چلے گئے ہیں) مقرر ہوئے ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

توسیع میعاد

۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ مستقلی محمد حسین خاں سب انسپکٹر پولیس محمد حسین خاں سب انسپکٹر پولیس کے کام کو ملاحظہ کرتے ہوئے ختم میعاد سے چھ ماہ کی مزید توسیع اور منظور کی گئی ۔

اضافہ

۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر محمد رشید علی خاں اہلمد محافظ خانہ صدر کی تنخواہ تیرہ روپیہ ماہوار میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا ۔

رخصت

۳۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ کورٹ انسپکٹر صاحب کی مزید رخصت دس یوم علاوہ تعطیلات یوم کلاں من ابتدائے یکم جنوری لغایت ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء منظور ہوئی ایام رخصت میں بابو شمس الدین سب انسپکٹر کام انجام دینگے ۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء یکم لغایت ۸ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰۱ار			۷۰۱ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۹۰۱ار			۱۰۱ار			
نخود کسہ آمیز	۱۰۱ار			۱۰۰۱ار			
کسہ	۱۱۱ار			۱۱۱ار			
ماش	۹۰۱ار			۸۱ار			
مونگ	۱۰۱ار			۸۱ار			
مکا	۱۰۱ار			۱۰۰۱ار			
جئی	۰			۰۰			
گوجئی	۱۳۱ار			۰			
مسور	۱۲۱ار			۸ار			
ارہر	۰			۱۰۱ار			
برنج	۵۱ار			۵۰۱ار			
روغن زرد	۲۰چھٹانک			۳ر۱ار			
روغن سیاہ	۱۱ار			۹۰۱ار			
روغن کنجد	۱۱ار			۱ار			
نمک سانبھر	۱۲۰۰ار			۱۰۱ار			
شکر بھوری	۶۱ار			۵۱ار			
قند سیاہ	۶۱ار			۶۱ار			
باجرہ	۷۰۱ار			۸۱ار			